# 7863 - کیا رمضان کی قضاء ہونے کے باوجود شوال کے چھ روزے رکھنا شروع کردے

**سوال**

کیا رمضان المبارک کے روزوں کی قضاء والا شخص قضاء سے قبل شوال کے چھ روزے رکھ سکتا ہے ؟
کیونکہ اس نے شرعی عذر کی بنا پر رمضان کے دس روزے ترک کیے تھے ، توکیا اسے بھی وہی اجروثواب حاصل ہوگا جو رمضان کے روزے رکھنے کے بعد شوال کے چھ روزے رکھے تواسےبھی پورے سال کےروزے رکھنے کا ثواب ملتا ہے ہمیں اس کے متعلق معلومات فراہم کریں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

بندوں کے اعمال کے اجرو ثواب مقررکرنا اللہ تعالی کا خاصہ ہے ، اورجب اللہ تعالی سے اجروثواب چاہتا اوراس کے لیے اطاعت کرتا ہے تو اللہ تعالی اس کے اجروثواب کو ضائع نہیں کرتا جیسا کہ اللہ تعالی نے اپنے مندرجہ ذیل فرمان میں بھی بیان کیا ہے :

جس نے بھی اچھے اعمال کیے ہم اس کے اجر کو ضائع نہیں کرینگے

لیکن یہ ہے کہ جس پر رمضان المبارک کے روزے باقی ہوں وہ پہلے ان روزوں کی قضاء میں روزے رکھے اورپھر شوال کے مہینہ میں ہی شوال کے چھ روزے رکھے ۔

کیونکہ ایسا کرنے سے وہ رمضان کے بعد شوال کے چھ روزوں کی اتباع ہوگی اوروہ اس وقت ہے جب وہ رمضان کے روزے مکمل کرچکا ہو ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کی آل اورصحابہ کرام پر اپنی رحمتوں کا نزول فرمائے ۔ .